سوال

(30) عورت کو کس طرح تہہ بند دیا جاوے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کے لئے تہہ بند چادر لفافہ کرتا وغیرہ پانچ کپڑوں میں کفن دیا جاتا ہے۔ اس صورت میں کس طرح تہہ بند دیا جاوے لفافہ کے اوپر یا نیچے (مظفر حسین برددان)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کے لئے پانچ کپڑے یہ ہیں تین چادریں ایک سینہ بند۔ ایک سر کے بالوں کے باندھنے کا ان میں تہہ بند کوئی نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص46

محدث فتویٰ